اردو (لازمی)	انٹر (پارٹ-II)	پرچہ II: (معروضی طرز)
وقت: 20 منٹ	2020ء (دوسرا گروپ)	کل نمبر: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

دیے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب منتخب کیجیے:

1-1- میں لاہور آیا تو کچھ دنوں ۔۔۔۔ کے دفتر میں بھی قیام رہا۔

(a) نوائے وقت (b) زمیندار ✓

(c) جنگ (d) مشرق

-2 محسن الملک نے ۔۔۔۔ کو ترقی دی۔

(a) دہلی کالج (b) فورٹ ولیم کالج

(c) علی گڑھ کالج ✓ (d) لاہور کالج

-3 عمر بن عبدالعزیزؒ نے اس ۔۔۔۔ کو بالکل مٹا دیا۔

(a) رسم (b) بدعت ✓

(c) رواج (d) طریقے

-4 مقتول پرایا تھا اور دوسرے ملک کا ۔۔۔۔ تھا۔

(a) سفیر (b) وزیر

(c) باشندہ ✓ (d) مشیر

-5 1803ء میں انگریز ۔۔۔۔ میں داخل ہوئے۔

(a) لکھنؤ (b) دہلی ✓

(c) بنگال (d) گجرات

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

-6 ۔۔۔۔ محنت کرو گے تو کامیاب ہو جاؤ گے۔

(a) تب (b) اگر ✓

(c) شرط ہے (d) لیکن

-7 میں نے ایرانی عورتوں کو۔۔۔۔ ۔

(a) گورا پایا ✓ (b) گوری پایا

(c) گوری پائیں (d) گوریاں پایا

-8 وہ چور ہی نہیں۔۔۔۔قاتل بھی ہے۔

(a) لیکن (b) بلکہ ✓

(c) البتہ (d) اگر

-9 آپ کے مزاج۔۔۔۔ ۔

(a) کیسے ہیں ✓ (b) کیا ہیں

(c) سناؤ (d) ٹھیک

-10 آپ کب تشریف۔۔۔۔گے۔

(a) لاؤ (b) لائیں ✓

(c) لائے (d) لائی

رموزِ اوقاف کے اُصولوں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

-11 پاکستان کے اہم شہر یہ ہیں۔۔۔۔علامت لگے گی۔

(a) :- ✓ (b) :

(c) ! (d) ۔

-12 ؛ یہ کس کی علامت ہے؟

(a) سکتہ (b) وقفہ ✓

(c) رابطہ (d) علامتِ حذف

-13 علامتِ ختمہ استعمال ہوتی ہے:

(a) جملے کے درمیان (b) مکمل جملے کے بعد ✓

(c) مخاطب کرنے کے لیے (d) ٹھہراؤ کے لیے

14- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وأصحابہٖ وسلم نے فرمایا۔۔۔تمام انسان برابر ہیں۔کون سی علامت استعمال ہوگی؟

(a) :-　　(b) ؛

(c) : ✓　　(d) ؟

15- کسی دانشور کا قول نقل کرتے وقت علامت لگاتے ہیں:

(a) سکتہ　　(b) واوین ✓

(c) ختمہ　　(d) تفصیلیہ

امدادی افعال کے اصولوں کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

16- سکنا:

(a) وہ سکتے میں چلا گیا۔　　(b) اُسے سکتہ ہوگیا۔

(c) وہ چاند دیکھ سکتا ہے۔ ✓　　(d) اُس نے سب کچھ سیکھا۔

17- اُٹھنا:

(a) قوم جاگ اُٹھی۔ ✓　　(b) اب اُٹھو۔

(c) صبح اُٹھنا اچھی عادت ہے۔　　(d) میں نے اُسے اُٹھایا۔

18- لگنا:

(a) مجھے بھوک لگی ہے۔　　(b) اُس کا رویہ بُرا لگا۔

(c) جہاز کنارے جا لگا۔ ✓　　(d) اُسے سیدھی راہ پر لگانا ہے۔

19- پڑنا:

(a) حامد گر پڑا۔ ✓　　(b) زمین پر کیا پڑا ہے؟

(c) وہ میرے گلے پڑا۔　　(d) باہر والے پڑے ہیں۔

20- جانا:

(a) ہم جاتے ہیں۔　　(b) باہر جا کر دیکھو۔

(c) تم یہاں سے چلے جاؤ۔ ✓　　(d) مجھے جانا ہے۔